آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

حکم!

سیکریٹریٹ ہائر ایجوکیشن کے مکتوب نمبرایچ ای ڈی/دوئم/65-2023/6157 مورخہ 27 مارچ 2023 کے تحت نوٹیفائی کیے گئے بذیل احکامات پر عملدر آمد ہر صورت ممکن بنانے کے جناب چیئرمین کے احکامات کا معاملہ بورڈ اجلاس پیش کیا گیا۔ بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 17 جولائی 2023ء ان احکامات پر عملدر آمد کی منظوری صادر کی ہے۔

1- ہر مارک شدہ بنڈل سے 5% تا 10% رینڈملی پڑتال کی کی جائے تا کہ مارکنگ کے معیار کو پر کھا جاسکے۔

2- سپر مارکرز کو روزانہ 70 تا 80 جوابی کاپیاں بغرض پڑتال دی جائیں تا کہ وہ تسلی سے پڑتال کرنے اور مارکنگ کے نظام کو بہتر بنانے اور آمدہ نتائج پر رائے دے سکیں نیز غلط ایوارڈ لسٹوں کی نشاندہی سے نتائج کی اشاعت سے قبل رزلٹ کی درست تکمیل ممکن ہو۔

3- یہ کہ تمام کوالیفائیڈ اساتذہ کرام کو مارکنگ نظام کا حصہ بنایا جائے تقرر شدہ ممتحن کا مارکنگ سے انکار کرنے کی صورت میں مطابق ہدایات سیکریٹریٹ سکولز اور سیکریٹریٹ ہائر ایجوکیشن کارروائی عمل میں لائی جائے۔

4- یہ کہ مارکنگ سنٹرز پر کیمرہ جات کی تنصیب کروائی جائے تا کہ موثر مانیٹرنگ ممکن ہو سکے۔

5- یہ کہ ہوم مارکنگ پر مکمل پابندی عائد کی جاتی ہے۔

6- یہ کہ ممتحن کو غلطیوں کی نشاندہی کرنی ہوگی تا کہ بوقت ری چیکنگ امیدواران اپنی غلطیوں سے مطمئن ہو سکیں نیز ری چیکنگ کے وقت ہونے والے جملہ مسائل سے بچا جا سکے۔

7- یہ کہ اضافی سوالات کو بھی مارک کیا جائے اور بہترین نمبرات والے سوالات کا ٹوٹل کیا جائے اور اسے شامل رزلٹ/میزان کیا جائے۔

8- یہ کہ تمام سب ایگزامینرز بورڈ کی طرف سے جاری شدہ مارکنگ Key کے مطابق پیپرز مارک کرنے کے پابند ہوں گے۔

9- اتھارٹی نے اچھی شہرت کے حامل ریٹائرڈ صدر معلمین، ماہر مضامین اور سینئر مدرسین کو بھی مارکنگ نظام کے ساتھ منسلک رکھنے کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

10- مارکنگ شروع کرنے سے پہلے ہیڈ ایگزامینر اور سب ایگزامینر کی میٹنگ کو لازمی قرار دیا جاتا ہے پہلے روز صرف میٹنگ ہوگی میٹنگ میں مارکنگ کے TOR کا بغور مطالعہ کیا جائے۔ مارکنگ ہدایات میں کسی غلطی یا ابہام کی صورت میں فوری طور پر دفتر کو مطلع کیا جائے میٹنگ کے اگلے دن ممتحن کو بنڈل جاری کیے جائیں گے اگلا بنڈل ٹیسٹ انسٹالمنٹ منظور ہونے کے بعد ہیڈ ایگزامینر کی ریکمنڈیشن پر کام جاری رکھا جائے گا۔

11- آپ کو اس امر سے اتفاق ہوگا کہ امیدواران کے مستقبل کا دارومدار مکمل طور پر ممتحنین کی صحیح اور انصاف پر مبنی جانچ پر ہے۔ جوابی کاپیاں جانچنے سے پہلے ہدایات/مارکنگ سکیم اور آزاد کشمیر و پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی درسی کتب کا مطالعہ ضرور کر لیجئے اور جوابی کاپی کو اچھی طرح پڑھنے کے بعد جانچنے کا عمل شروع کریں تا کہ کسی امیدوار سے ناانصافی نہ ہو۔

12- جوابی کاپیاں جانچتے وقت امیدواروں سے ہمدردانہ اور منصفانہ رویہ اختیار کیجئے اگر کوئی امیدوار تین نمبر تک کی کمی سے فیل ہو رہا ہو تو اس کے پرچہ پر نظر ثانی کیجئے، ممکن ہے کہ گنجائش نکل آئے اور وہ پاس ہو جائے۔

13- مارکنگ کیلئے صرف سرخ بال پوائنٹ اور ایوارڈ لسٹوں کی تیاری کیلئے نیلی بال پوائنٹ استعمال کریں۔

14- ایوارڈ لسٹ پر Cutting/Over-writing کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہے۔ غلطی کی صورت میں Separate ایوارڈ لسٹ تیار کریں ہر پیکٹ کی Separate ایوارڈ الگ تیار کی جائے۔

15- اغلاط کی نشاندہی دائرہ لگا کر یا کراس (x) سے کریں۔ جواب غلط ہونے کی صورت صفر (Zero) ضرور ایوارڈ کریں صفر (Zero) کی بجائے "Z" ہرگز نہ لکھا جائے۔ جوابی کاپی میں خالی جگہ کو کراس کرنا انتہائی ضروری ہے۔

16- اگر کسی امیدوار نے مقررہ تعداد سے زائد سوال حل کیے ہوں تو تمام سوالات کو جانچا جائے اور مطلوبہ تعداد میں بہترین (زیادہ نمبر والے) سوالوں کو قبول کر کے بقیہ پر زائد (O.A) لکھا جائے۔

(جاری ہے)

17- جوابی کاپی کے سرورق پر یا اندرونی صفحات میں ابتدائی درج شدہ نمبروں میں کسی وجہ سے ردوبدل کرنا پڑے تو ابتدائی اندراج کو مٹایا یا مسخ نہ کیا جائے بلکہ قابل ترمیم نمبروں پر ایک لکیر لگا کر اس طرح قلمزد کریں کہ منسوخ شدہ نمبر بھی صاف طور پر پڑھے جا سکیں، پھر ان کی بجائے درست نمبر لکھ کر کاٹے ہوئے عدد پر اپنے دستخط کر دیجئے۔

18- جوابی کاپی میں کسی بھی طرح کے Eraser کا استعمال منع ہے۔ نیز معروضی طرز کے سوالات میں کاٹ کر/کسی بھی طریقہ سے مٹا کر/لیڈ پنسل سے/دوبارہ لکھ جواب غلط تصور ہوگا۔ معروضی سوالات کے حل لف ہیں۔

19- اگر کوئی امیدوار جوابی کاپی پر نشانی لگائے یا اپنی شناخت کیلئے کچھ تحریر کرے یا ایک سے زائد جوابی کاپیوں کی ہینڈ رائٹنگ یکساں نہ ہو تو ایسے امیدواروں کے خلاف U.M.C بنا کر دفتر کو بھجوایا جائے۔

20- غیر متعلقہ افراد (رشتہ دار، طالب علم وغیرہ) کو مارکنگ کے نظام میں قطعی طور پر حصہ دار نہیں بنایا جا سکتا۔ اس فعل کے مرتکب مارکرز بورڈ سے متعلق جملہ امور سے نااہل قرار پائیں گے۔

ہیڈ ایگزامینر اپنے ایگزامینرز کی ٹیسٹ انسٹالمنٹ کے دوران نمبروں کی کمی وبیشی کی صورت میں سب ایگزامینرز کو زبانی یا تحریری ہدایات ضرور جاری کرے گا۔ 20% جوابی کاپیوں کی چیکنگ میں نمبروں میں کمی بیشی 7 نمبر سے زیادہ ہونے کی صورت میں جناب چیئرمین کو تحریری اطلاع دینا ہوگی۔

04.9.23

سیکریٹری

نمبر بورڈ/میٹنگ/23/5615-18 مورخہ 04 ستمبر 2023

نقل بالا بخدمت:

1- پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ ہذا۔

2- کنٹرولر صاحب امتحانات کالجز/سکولز بغرض اطلاع وعملدرآمد۔

3- نگران شعبہ ایڈمن۔

4- مسلِ متعلقہ/آفس ریکارڈ۔